# ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگرامز (AAP) کی خدمات کا ایلیمینٹری تسلسل

فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز(FCPS) نے قابلیت کے فروغ اور امتیازی تدریس کے ذریعے ، تمام طلباء کو چیلنج کرنے کا عزم کررکھا ہے ۔ گریڈ K-12 کے تمام طلباء کو اعلیٰ سطح کے تعلیمی پروگراموں کی خدمات تسلسل کے ساتھ فراہم کی جاتی ہیں ۔ یہ ماڈل طلباء کے لیبلز پر توجہ مرکوز کرنے سے ہٹ کر، طلباء کی منفرد ضروریات کے مطابق خدمات کو مماثل کرنے کے لیے وضع کیا گیا ہے ۔

تسلسل کے ذریعے، طلباء اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں:

- ضرورت کے مخصوص شعبوں میں گہرائی سے سیکھنے کے مواقع کیلئے متعدد انٹری پوائنٹس ، جیسے جیسے وہ ترقی کرتے ہیں ۔
- ایک جیسی تعلیمی ضروریات کے حامل طلباء کا ایک کلسٹر گروپ تاکہ ان کی دانشورانہ نشوونما کو فروغ ملے ۔

اساتذہ ، اعلیٰ تعلیمی ذرائع کے اساتذہ (AARTs) اوراسکول منتظمین ایلیمینٹری سطح پر، درج ذیل خدمات فراہم کرنے کے لیے ، مل کر کام کرتے ہیں:

## سختی تک رسائی ، گریڈز کے - 6

تمام طلباء کے پاس تنقیدی سوچ، استدلال اور مسائل حل کرنے کے مواقع ہوتے ہیں ۔

- تمام اساتذہ اپنے اسباق میں تنقیدی اور تخلیقی سوچ کی حکمت عملیاں استعمال کرتے ہیں ۔
- کلاس روم اساتذہ ، AAP نصاب کے فریم ورک سے مواد استعمال کرکے، ہر سہ ماہی میں کم از کم ایک بار موقع فراہم کرتے ہیں ۔

چونکہ سختی تک رسائی FCPS کے تمام طلباء کے لیے ہوتی ہے، اس لیے اسکریننگ کا کوئی عمل نہیں ہے ۔

## مضمون سے مخصوص خدمات ، گریڈز کے - 6

کچھ طلباء ایک مخصوص شعبہ مضمون میں مضبوط ہوتے ہیں ۔ کلاس روم کے اساتذہ طلباء کے لیے، درج ذیل کے ذریعے، ان شعبوں کی تدریس میں ترمیم کر سکتے ہیں:

- ان مضامین میں مختلف اسائنمنٹس اور وسائل فراہم کر کے،
- طلباء کی مضبوطیوں، دلچسپیوں اور تیاری کے لحاظ سے گروپ بنا کر، اور
- AAP نصاب کے فریم ورک سے مواد استعمال کر کے اضافی چیلنجز فراہم کرکے ۔

طالبعلموں کی مضمون سے مخصوص ضروریات پر مقامی اسکول کی سطح پر ہرسال دوبارہ جائزہ لیا جاتا ہے ۔

## جزوقتی خدمات، گریڈز 3-6

بعض طالبعلموں کو مضمون کی مخصوص ضروریات کے علاوہ ، متعدد شعبہ ہائے مضامین میں اعلیٰ تعلیمی ضروریات ہوتی ہے ۔ انہیں پارٹ ٹائم AAP کی خدمات درکار ہوتی ہیں ۔

- طلباء، ایک جیسی تعلیمی ضروریات کے حامل طلباء کے ساتھ ، کام کرتے ہیں اور اس کے لیے، ہر ہفتے ایک الگ کلاس تشکیل دی جاتی ہے یا AART اور کلاس روم ٹیچر کے ساتھ ، مل کر پڑھایا جاتا ہے ۔
- اساتذہ لینگوئج آرٹس، سائنس، معاشرتی علوم اور/ یا ریاضی میں، AAP نصاب کے فریم ورک سے مواد استعمال کرنے کے مواقع اکثر فراہم کرتے ہیں ۔

جزوقتی خدمات گریڈ 6 تک جاری رہتی ہیں ۔ طلباء کو، ہر سال جانچ کی ضرورت نہیں ہوتی ۔

## کُل وقتی خدمات، گریڈز 3-8

اعلیٰ سطح کے کچھ طلباء کو، فل ٹائم اعلیٰ تعلیمی پروگرام کی ضرورت ہوتی ہے، جس میں ، چاروں بنیادی شعبوں (لینگوئج آرٹس، ریاضی، معاشرتی علوم اور سائنس) میں امتیازی ہدایات ہوتی ہیں ۔

AAP کی فل ٹائم خدمات کے اہل طلباء کا فل ٹائم کی بنیاد پر ایک کلسٹر گروپ بنایا جاتا ہے اور وہ درج ذیل خدمات حاصل کرتے ہیں:

- لینگوئج آرٹس، ریاضی ، سائنس اور معاشرتی علوم کے نصاب میں AAP نصابی فریم ورک سے مواد کا کل وقتی استعمال، اور
- نصاب جو مواد کی گہرائی ، پیچیدگی ، اور تیزرفتاری کے ذریعہ امتیاز کیا جاتا ہے ۔

کُل وقتی خدمات گریڈ 8 تک جاری رہتی ہیں ۔ طلباء کو، ہر سال جانچ کی ضرورت نہیں ہوتی ۔

**ایلیمینٹری خاندان معلوماتی اجلاس**

ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگرامز (AAP) پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے مقامی اسکول میں ایک خاندانی معلوماتی اجلاس منعقد کیا جائے گا ۔ اجلاس میں AART یہ کرے گا:

- AAP خدمات کے تسلسل کے بارے میں معلومات فراہم کرے ۔
- اسکریننگ کے عمل کی وضاحت کرے ۔
- اعلیٰ تعلیمی خدمات کے بارے میں سوالات کے جوابات دے ۔

**ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگرام کی خدمات کیلئے اسکریننگ اور اہلیت**

**مضمون سے مخصوص اور جزوقتی AAP خدمات**

مضمون سے مخصوص اور پارٹ ٹائم AAP خدمات کے لیے اہلیت کے فیصلے مقامی اسکول میں ایک کمیٹی کے ذریعہ کیے جاتے ہیں ، اور اسکریننگ پورے تعلیمی سال میں جاری رہتی ہے ۔ مضمون سے مخصوص اور پارٹ ٹائم AAP خدمات کا حوالہ دینے کے لیے، مقامی اسکول میں AART کو AAP مضمون سے مخصوص یا پارٹ ٹائم ریفرل فارم جمع کروائیے ۔

**کُل وقتی AAP خدمات**

AAP کی کُل وقتی خدمات کے لیے اہلیت کے فیصلے کاؤنٹی بھر کی مرکزی اسکریننگ کمیٹی کرتی ہے ۔ کُل وقتی خدمات کے لیے اسکریننگ کے مخصوص سلسلے موجود ہیں:

- **خزاں کی اسکریننگ:** جنوری سے FCPS میں داخلہ لینے والے طلباء کے لیے دستیاب ہے ۔ ریفرل کی مدت **پہلے تعلیمی دن** سے لے کر **15 اکتوبر** تک ہے ۔
- **بہار کی اسکریننگ: گریڈز 2-7** میں کسی بھی FCPS طالبعلم کے لیے دستیاب ہے ۔ ریفرل کی مدت **پہلے تعلیمی دن** سے لے کر **15 دسمبر** تک ہے ۔

**اہم:** براہ مہربانی گریڈ 2-7 میں اپنے بچے کیلئے ریفرل جمع کرانے سے پیشتر اہلیت کے ٹیسٹ اسکورز کا انتظار مت کیجیئے ۔ ڈیڈ لائن کے بعد جمع کرائے گئے ریفرلز قبول نہیں کیے جائیں گے ۔ تمام ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگرام کی خدمات کے لیے ریفرل فارمز https://www.fcps.edu/node/38893 پر دستیاب ہیں ۔

**AAP خدمات کے لیے جامع جائزہ**

اسکریننگ کمیٹی اہلیت کا تعین کرنے کے لئے متعدد اعدادوشمار کے نکات کا جامع جائزہ لیتی ہے ۔ اسکریننگ کمیٹیاں اس بات پر غور کرتی ہیں کہ آیا طلباء کو، اسی طرح کی تعلیمی ضروریات کے حامل طلباء کے گروپ تک رسائی حاصل ہے تاکہ وہ کلاس روم میں تعلیمی گفتگو اور ترقی میں مدد حاصل کرسکیں ۔

اسکریننگ کمیٹیوں کا جائزہ:

- طالبعلم AAP اسباق کے ساتھ مواقع سے کام کرتے ہیں ،
- کلاس کے مباحثوں اور سرگرمیوں سے طالبعلم کے استدلال یا باصلاحیت طرز عمل کی مثالیں ،
- پیش رفت کی رپورٹیں ،
- کامیابی اور قابلیت کے اسکورز ، اور
- خاندانی واقعات پر مبنی آراء

ان تمام عوامل پر مجموعی طور پر غور کیا جاتا ہے ، اعداد و شمار کے کسی ایک جزو کو دوسرے پر زیادہ اہمیت دیئے بغیر ۔

## اہلیت کی جانچ

FCPS اعلیٰ تعلیمی خدمات میں، اہلیت کی جانچ کا مجموعی اسکریننگ کے عمل کے ایک زیرغور نکتے کے طور پر، استعمال کرتا ہے ۔ مجموعی اسکریننگ کے عمل میں ٹیسٹ اسکورز کو وزن یا ترجیح نہیں دی جاتی ہے ۔

- گریڈ 2 کے تمام طلباء Naglieri General Ability Test (NGAT) دیتے ہیں ۔
- NGAT ، گریڈ 3-6 کے ان طلباء سے لیا جا سکتا ہے، جن کے پاس باقاعدگی سے شیڈول کی گئی ٹیسٹنگ کی مدت کے دوران ، اہلیت کے ٹیسٹ کا اسکور نہیں ہوتا ۔

والدین یا سرپرست گریڈ 3-6 میں اہلیت کے ٹیسٹ ایک دفعہ دوبارہ دینے کی درخواست کرسکتے ہیں ۔ یہ درخواستیں موسم خزاں کی ٹیسٹنگ مدت کے دوران میں کی جانی چاہیئں ۔ براہ مہربانی **30 ستمبر __سے پہلے__** اسکول ٹیسٹنگ کوآرڈینیٹر سے رابطہ کیجیئے تاکہ ٹیسٹ ایک بار دوبارہ دینے کی درخواست کی جاسکے ۔

## ینگ اسکالرز

FCPS ینگ اسکالرز ماڈل اعلیٰ تعلیمی پروگرامنگ میں تاریخی طورپر کم نمائندگی والے گروہوں سے تعلق رکھنے والے اعلیٰ تعلیمی قابلیت کے حامل طالبعلموں کو کم عمری ہی سے شناخت کرنے اور تصدیق کرنے کیلئے سرگرم عمل ہے ۔ اس ماڈل کا نصب العین ینگ اسکالرز کی ایلیمینٹری ، مڈل ، اور ہائی اسکول تک رسائی اوراعلیٰ تعلیمی مواقع میں کامیابی میں رکاوٹوں کو دُور کرنا ہے ۔

## دوگنا غیرمعمولی (2e)

کچھ اعلیٰ درجے کے طالبعلموں کو سیکھنے کے چیلنجوں کا بھی سامنا کرنا پڑ سکتا ہے ۔ بطور دوگنا غیر معمولی (2e) پہچان رکھنے والے ، ان طلباء کو خوبیوں پر مبنی تدریس کی ضرورت ہوتی ہے جو ان کے سیکھنے کے مسائل کو حل کرتے ہوئے ان کی پوشیدہ صلاحیتوں کو فروغ دیتی ہے ۔ ایڈوانسڈ اکیڈمک پروگرامز (AAP) کا FCPS تسلسل ان کی طاقت اور ضرورت کے شعبوں دونوں کی معاونت کرنے کے لیے متعدد انٹری پوائنٹس فراہم کرتا ہے ۔ 2e طالبعلموں کی شناخت اور مدد کرنے میں اسکولوں اور خاندانوں کی رہنمائی کے لیے ، FCPS نے ایک جامع 2e کتابچہ تیار کیا ہے ۔ آپ یہ وسائل www.fcps.edu پر جا کر "2e" تلاش کرکے 2e کتابچہ ملاحظہ کر سکتے ہیں ۔

# مڈل اور ہائی اسکول میں ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگرامز

## مڈل اسکول AAP

اعلیٰ درجے کا کورس ورک اوپن انرولمینٹ کے ذریعہ تمام مڈل اسکول کے طلباء کے لیے دستیاب ہے ۔ تمام طالبعلموں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ہر سال کے دوران میں اپنے مضبوط یا دلچسپی کے مضمون میں کم از کم ایک آنرز کورس میں ضروری داخلہ لیں ۔ کُل وقتی AAP خدمات کے اہل طلباء اپنے پتے پر تفویض کردہ مڈل اسکول سینٹر میں شرکت کرنے یا اپنے بنیادی اسکول میں چار بنیادی مضامین کے شعبوں میں آنرز کورسز میں داخلہ لینے کا انتخاب کرسکتے ہیں ۔

کچھ FCPS مڈل اسکول انٹرنیشنل بیکالوریٹ (آئی بی) مڈل ایئرز پروگرام (MYP) بھی پیش کرتے ہیں ، جو تنقید اور تدبروتفکر پر مبنی سوچ کی حوصلہ افزائی کرتا ہے ۔ ان اسکولوں کے تمام طلباء اس پروگرام میں حصہ لیتے ہیں ۔

## ہائی اسکول AAP

ہائی اسکول میں ایڈوانسڈ کورس ورک کیلئے انرولمینٹ کُھلی ہے ۔ تمام طالبعلموں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ گریڈ 9 کے آغاز میں کم ازکم کسی ایک آنرز کورس میں انرول ہوں ۔ FCPS میں ہر ہائی اسکول ، پروگرام اور اسکول پر منحصر IB ، AP اور / یا ڈیوئل انرولمینٹ کورسز پیش کرتا ہے ۔

ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگرامز کے ویب صفحے پر مل سکتی ہیں: https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/advanced-academic-programs ۔